# معروضی سوالات MCQ..s

1. سنت کا لغوی معنیٰ ہے ؟

(1) عبادت (2) طریقہ و عادت (3) راستہ (4)سکوت صحابہ

(2)سنت کا شرعی معنی ہے ؟

(1)نذر والی عبادت (2) نفلی عبادت (3)واجب عبادت
(4)فرض عبادت

(3)سنت امر نہی خاص عام اور دیگر اقسام میں فرع ہوگی؟

(1)اجماع کی(2) قیاس کی (3) استحسان کی(4) کتاب کی

(4)سنت کے باب میں وہ چیزیں جو سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے ان کی تعداد ہے ؟

(1)سات (2)پانچ (3)نو (4)چار

(5)سنت کی اقسام ہم تک پہنچنے کے اعتبار سے ہیں ؟

(1) دو(2)تین (3)چھ (4)نو

(6) جس حدیث میں تابعی اپنے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے کو ترک کر دے اسے کہتے ہیں ؟

(1)مسند (2)مرسل (3)منقطع(4)معضل

(7)صحابی کا ارسال مقبول ہونے کی وجہ ہے؟

☐ جامعة المدینہ فیضان احمد رضا نارتھ کراچی
از مولانا جاوید مدنی

# معروضی سوالات MCQ..s

(1)نبی ﷺ سے بذات خود سننا(2)عادل ہونا (3)قرن اول میں ہونا(4) حافظہ قوی ہونا

(8)مرسل تابعی و تبع تابعی غیر مقبول ہے ؟

(1)عند الاحناف (2) عند الشافعی(3) عند جمہور (4)امام مالک

(9)مرسل تابعی و تبع تابعی کے مقبول ہونے کی کتنی صورتیں ہیں ؟

(1) پانچ (2)سات (3)دو(4)تین

(10)حدیث مرسل حدیث مسند سے فائق ہے کس کے نزدیک ؟

(1) احناف (2)شوافع (3)اصحاب ظواہر (4)جمہور

(11)حدیث مسند کی حسامی کے نزدیک کتنی قسمیں ہیں ؟

(1) پانچ(2)تین (3)سات(4) گیارہ

(12)متواتر میں کذب پر متفق نہ ہونے کی وجہ ہے ؟

(1) راویوں کا ثقہ ہونا (2)قرن اول میں سے ہونا (3)تعداد کا کثیر ہونا (4)حافظہ قوی ہونا

(13)متواتر علم یقین کو کس طرح واجب کرتا ہے ؟

□ جامعة المدینہ فیضان احمد رضا نارتھ کراچی
از مولانا جاوید مدنی

# معروضی سوالات MCQ..s

(1)علم بدیھی (2) علم الحواس (3)علم نظری (4)علم تعداد

(14)مرسل کا مسند پر فائق ہونے کی زیادتی کس سے ثابت ہوتی ہے ؟

(1) قیاس سے (2)اجتہاد سے (3)ثقہ ہونےسے (4)ضبط ہونے سے

(15)خبر مشہور احاد سے ہوتی ہے ؟

(1) قرن تابعی میں(2)قرن صحابہ میں
(3) قرن تبع تابعین میں(4)قرن اسلاف میں

(16)عیسی بن ابان نے خبر مشہور کے منکر کو کہا ہے ؟
(1) کافر (2)منافق(3)گمراہ(4)مومن

(17)حدیث مشہور سے کتاب اللہ پر صحیح ہے ؟

(1) زیادتی کرنا (2)کمی کرنا (3)انکار کرنا (4) عمل کرنا

(18)زیادتی مسح علی الخفین مثال ہے ؟

(1) خبر مشہور کی (2) خبر واحد کی (3)خبر متواتر کی(4)خبر مرسل کی

(19)جس خبر میں راویوں کی تعداد مشہور و متواتر سے کم ہو اسےکہتے ہیں ؟

□ جامعۃ المدینہ فیضان احمد رضا نارتھ کراچی
از مولانا جاوید مدنی

# معروضی سوالات MCQ..s

(1)خبر معضل (2)خبر معلق (3)خبر واحد(4)خبر منقطع

(20)خبر واحد کے وجوب العمل ہونے میں مخبِر کے لحاظ سے شرائط ہیں ؟

(1)چھ(2)تین(3)دو(4)چار

(21)حادثہ جس میں عموم بلوی نہ ہو اور صحابہ کی طرف سے اختلاف نہ ہو اور حجت پکڑنا متروک نہ ہو یہ حکم ہے ؟

(1) خبر واحد (2)خبر مشہور(3)خبر مسند(4)خبر مرسل

(22)کافر فاسق صبی معتوہ غافل لاپرواہ یہ وہ افراد ہیں جن کی خبر پر عمل کرنا ؟

(1) مستحب نہیں ہے(2)عمل کرنا سنت نہیں ہے (3)عمل کرنا واجب نہیں ہے( 4)عمل کرنا مباح نہیں ہے

(23)باب حدیث میں یہ فاسق کی طرح ہے ؟

(1)مستورکتاب(2)مستورالحال(3) مستوراللباس(4)مستورالظاہر

(24)مستور اس خبر میں عادل کی مانند ہے عند ابی حنیفہ ؟

(1)طہارت ماء(2)نجاست ماء(3)ماء مشکوک(4)ماء مطلق

☐ جامعة المدینہ فیضان احمد رضا نارتھ کراچی
از مولانا جاوید مدنی

# معروضی سوالات MCQ..s

(25)امام محمدعلیہ الرحمہ کے نزدیک فاسق کی نجاست ماء کی خبر میں سامع بنائے ؟

(1)تحری کو حاکم (2)رائے کو حاکم
(3)ظاہر حال کو حاکم(4)غیر تحری کو حاکم

(26)کافر صبی معتوہ کی خبر پر سامع کے دل میں صدق ہو وہ کرے گا ؟

(1)وضو (2)تیمم(3)وضو وتیمم(4)ماء جدید کی تلاش

(27) وکالت مضاربت تجارت کی اجازت یہ معاملات وہ ہیں جو جدا ہوتے ہیں ؟

(1) معنی الزام سے (2)معنی عدم الزام سے(3)معنی جدال سے(4)معنی عدم جدال سے

(28) عموم ضرورت تمام شرطوں کوکرنے والی ہوتی ہے ؟

(1) ثابت( 2)ساقط (3)عدم ثابت(4)عدم ساقط

(29) مخبر کی شرائط کا اعتبار اس خبر میں ہے جس کے ساتھ متعلق ہوتا ہے ؟

(1)مباح(2)لزوم(3)استحباب( 4)فرض

(30) شرائط کو کو ہم نے لازم کردیا ہے ؟

☐ جامعۃ المدینہ فیضان احمد رضا نارتھ کراچی
از مولانا جاوید مدنی

# معروضی سوالات MCQ..s

(1) امور دین میں (2)اموردنیا میں (3)امورآخرت میں (4)امورقبر میں

(31) حلت طعام اور حرمت طعام میں کی خبر مقبول ہے کب وہ اکبررائے کے ساتھ معین ہو ؟

(1) نافرمان (2)گمراہ( 3)فاسق (4)منافق

(32) فاسق فسق کے باوجود ہل ہوتا ہے ؟

(1)سزا کا (2)شہادت کا(3)قید کا(4)ضرب کا

(33) اموردین میں فاسق کی خبر کی ضرورت  نہ ہونے کی وجہ ہے ؟

(1)شہرت(2)ضبط(3)عادل راویوں کی کثرت (4)عدالت

(34) ایسے شخص کی روایت قبول نہیں کی جائے گی جس نے دین بنالیا ہو ؟

(1) خواہش والدین (2)خواہش احباب(3)خواہش نفس (4)خواہش اقرباء

(35) خبر واحد کے راوی کا مشہور بالفقہ و النظر ہونے کی وجہ سے ترک کر دیا جائے گا ؟

(1) اجماع(2) قیاس(3) استحسان(4) اجتہاد

□ جامعة المدینہ فیضان احمد رضا نارتھ کراچی
از مولانا جاوید مدنی

# معروضی سوالات MCQ..s

(36) خبرِواحد کا راوی اگر عدالت حفظ اور ضبط کے ساتھ معروف ہو تو اسکی خبر پر عمل کیا جائے گا ؟

(1)موافق قیاس ہو(2)موافق اجماع ہو(3)موافق قیاس ہو(4)موافق استحسان ہو

(37) اگر کسی راوی کی روایت کی سلف نے شہادت دی یا طعن کرنے سے سکوت کیا اس کی حدیث کی طرح ہوگی ؟

(1) حدیث ضعیف (2)حدیث متروک (3)حدیث معروف (4)حدیث منسوخ

(38) مستنکر وہ حدیث ہوتی ہے جس میں سلف سے ظاہر ہوتی ہے ؟

(1)جرح(2) قبول(3)رد(4)تعدیل

(39)سلف سے جس حدیث میں نہ رد آے نہ قبول اس پر عمل کرنا ہے ؟

(1) مستحب(2)جائز(3) واجب(4)حرام

(40) خبر واحد میں مستنکر مفید ہے ؟

(1) یقین (2)ظن(3)وہم(4)شک

(41) خبر واحد میں سے پر عمل جواز کے حیز کے تحت میں ہے ؟

# معروضی سوالات MCQ..s

(1)حدیث ظاہر(2)حدیث مستتر(3)حدیث معضل(4)حدیث مشہور

(42)جب مروی عنہ حدیث کا انکار کر دے تو بعض نے کہا اس پر عمل ہوجائے گا ؟

(1) جائز(2)ساقط(3)مباح(4) حرام

(43) طعن مبھم راوی میں ثابت نہیں کرتا ؟

(1)تعلیل(2)جرح(3)نقض(4)عدم ضبط

(44) کتاب اور بعض سنت میں تعارض واقع ہوتا ہے ہمارے کا علم نہ رکھنے کی وجہ سے ؟

(1) حدیث(2) فقہ(3)ناسخ و منسوخ(4) خاص و عام

(45)دو آیتیں باہم متعارض ہوں تو سنت کی طرف رجوع کرنا کا حکم ہے ؟

(1)مناقضہ(2)معارضہ(3)فسادوضع(4)مناقضہ و معارضہ

(46) باہم متعارض دو حجتوں کے بعد کسی دوسرے حجت کی طرف رجوع کرنا ہے ؟

(1)سنت(2)جائز(3) واجب(4)فرض

☐ جامعة المدینہ فیضان احمد رضا نارتھ کراچی
از مولانا جاوید مدنی

# معروضی سوالات MCQ..s

(47)سؤر حمار کے ساتھ وضو کیا تو اسکے ساتھ تیمم کرنا ہے ؟

(1) فرض(2) واجب(3)سنت(4) مستحب

(48)دو قیاس باہم متعارض ہونے کی وجہ سے ساقط نہیں ہوں گے بلکہ عمل واجب ہوگا

(1)بالمآل(2)بالصواب(3)بالحال(4)بالتغییر ؟

(49) تعارض ایسی دو حجتوں کے درمیان واقع ہوگا جو میں برابر ہو ؟

(1)قوت(2)عدل(3) ضعف(4) حجت

(50)سؤر حمار کا نام رکھا جائیگا

(1)ماء طاہر(2)ماء مشکوک(3)ماء نجس(4)ماء مطلق ؟

(51) .خبر نفی خبر اثبات کے معارض ہوگی یا نہیں ؟

(1) . ہوگی (2). نہیں ہوگی (3) . اختلاف ہے (4) . نہ ہونے پر اتفاق ہے

(52) . جرح و تعدیل میں ہمارے علما نے کہا ہے کہ ہے ؟

(1). تعدیل اولی ہے (2). جرح اولی ہے (3) . طعن اولی ہے (4). نقض اولی ہے

□ جامعة المدینہ فیضان احمد رضا نارتھ کراچی
از مولانا جاوید مدنی

# معروضی سوالات MCQ..s

(53). نفی اثبات کی مثل ہوگی جبکہ راوی نے اعتماد کیا ہو ؟

(1) . دلیل معرفت (2). دلیل ظنی (3) . دلیل انی (4) . دلیل لمی

(54) . یزید بن اصم ابن عباس کے برابر نہیں ؟

(1) . عدل و ضبط(2) . ضبط و اتقان (3) . اتقان و فقہ (4).
فقہ و عدل